سوال نمبر 13096

منجانب: عنایت اللہ صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ٹرانسپورٹ ارشاد فرمائیں گے کہ

سوال	جواب
(ا) بی آر ٹی کا سالانہ آپریشنل خرچہ کیا ہے، بی آر ٹی روزانہ کے حساب سے کتنا Generate کر رہی ہے نیز بی آر ٹی کا روزانہ آمدن اس کے روزانہ اخراجات پورا کر رہی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	(ا) کرونا وبا نے جہاں دنیا کے تمام شعبوں کو متاثر کیا وہیں بی آر ٹی پشاور کے روزانہ آپریشنل امور کو بھی متاثر کیا۔ بی آر ٹی کی آمدنی کا بنیادی زریعہ سفری اعداد و شمار پر منحصر ہوتا ہے۔ کرونا وبا کے باعث ہر شعبہ زندگی متاثر ہوا جن میں تعلیمی اداروں کی بندش، لاک ڈاؤن، کاروباری سرگرمیوں پر پابندیاں، دفاتر میں 50 فیصد حاضری سمیت پبلک ٹرانسپورٹ پر حکومتی ہدایات شامل ہیں تا حال بی آر ٹی کے بقیہ دو فیڈر روٹس اور زیر تعمیر کمرشل پلازوں اور ڈپو پر کام جاری ہے، جن کی تکمیل اور فعال ہونے کے ساتھ کرونا وبا کے باعث غیر متوقع صورت حال سے نکلنے اور معمول کے حالات ہونے کے بعد سالانہ اور یومیہ اخراجات کی مکمل و درست تفصیلات فراہم کی جاسکیں گی۔